# Maulana Azad National Urdu University

## M.A. Translation Studies, II Semester Examination - May 2019

## Paper : MATS204CCT : Applied Linguistics and Lexicography

## پرچہ : اطلاقی لسانیات اور لغت نویسی

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

# حصہ اول

**سوال نمبر : 1**

(i) لسانیات کا موجد-----------------ہے۔ ( ٹالسٹائے، جیکبسن، سوسر، فرائڈ)

(ii) Cardinal Vowels کا خاکہ------------نے تیار کیا تھا۔ (روسو، لامارٹائن، ڈینیل جونس، ایڈورڈ سپیر)

(iii) Aspects of Theory of Syntax کتاب کے مصنف---------ہیں۔ (لینن برگ، چامسکی، جیکبسن، ہاکٹ)

(iv) بچے کے زبان سیکھنے کی دوسال کی مدت کو----------کہتے ہیں۔

(motherese, puberity ,creativity,competence)

(v) Skinner کا تعلق----------سے ہے۔

(Minimalism,Psycho-analysis,Behaviourism, Darwinism)

(vi) صرفیات(Morphology)کے زمرے میں-------کا مطالعہ شامل ہے۔

(معنی، لفظ کی ساخت، صوتی آہنگ، مترادفات)

(vii) قومی انگریزی اردو لغت----------نے تیار کی۔ (عبدالحق، جمیل جالبی، شان الحق حقی، یوسف حسین خاں)

(viii) Pragmaticsلسانی عملیت کا مطالعہ------ کے تحت کیا جاتا ہے۔ (صرفیات، صوتیات، معنیات، نفسیاتی لسانیات)

(ix) Pit Corder کا تعلق-----------سے ہے۔ (سماجی لسانیات، Error Analysis، تاریخی لسانیات، علمِ بشریات)

(x) Phrase Structure Rules--------کا حصہ ہے۔ (فونیمیات، اطلاقی لسانیات، علمِ نحو، تقابلی لسانیات)

## حصہ دوم

2. لسانیات کیا ہے اور ترجمہ سے اس کا کیا تعلق ہے۔

3. علمِ صوتیات کے تحت اعضائے تکلم (Places of Articulation) اور (Manner of Articulation) طرزِ تکلم پر ایک نوٹ لکھیے۔

4. لغت نویسی Lexicography کیا ہے؟ ترجمے میں اس کی کیا اہمیت ہے۔

5. علمِ نحو Syntax کی وضاحت کرتے ہوئے اس کی مختلف شاخوں پر روشنی ڈالیے۔

6. لسانیات میں معنیات کی تعریف لکھتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

7. Morpheme صرف کیا ہے؟ اس کی کتنی اقسام ہیں؟ انگریزی اردو مثالوں کی روشنی میں وضاحت کیجیے۔

8. فونیمیات کے تحت زبان کا مطالعہ کس طرح کیا جاتا ہے اور لسانیات میں اس کی کیا اہمیت ہے؟ وضاحت کیجیے۔

9. اطلاقی لسانیات Applied Linguistics کے آغاز و ارتقا پر روشنی ڈالتے ہوئے اس کے رجحانات کا جائزہ لیجیے۔

## حصہ سوم

10. لسانیات کے نئے رجحانات پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔

11. علمِ سیاق Pragmatics کیا ہے لسانیات میں اس کیا اہمیت ہے؟ واضح کیجیے۔

12. اردو میں لغت نویسی کے مسائل پر سیر حاصل بحث کیجیے۔

13. اطلاقی لسانیات اور مطالعاتِ ترجمہ کس طرح ایک دوسرے سے مربوط ہیں؟

14. مندرجہ ذیل میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھیے۔

i۔ مارفیم اور prefixes, suffixes

ii۔ فونیمی تجزیہ

iii۔ تشکیلِ فقرہ کے اصول (Phrase Sructure Rules)

iv۔ Cardinal Vowels

☆☆☆